16

ہماری فصلیں-2

باب-5 (ہماری فصلیں -1) میں تم نے خریف کی فصلوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کی تھی اور جدول- 1 میں بھری تھی۔ اس باب کے لئے بھی ویسی ہی جدول کی ضرورت ہوگی۔تم اسی جدول کو دوبارہ اپنی کاپی میں بنالو۔اس باب میں ربیع کی فصلوں کے بارے میں اسی طرح معلومات اکھٹی کرنی ہے جس طرح تم نے خریف کی فصلوں کے لئے کی تھی۔

تمہیں اس سب کے لئے جنوری یا فروری میں جانا ہوگا۔اس دورہ کی تیاری بھی ٹھیک اسی طرح کرنی ہے۔جیسے کہ خریف کی فصلوں کے سلسلے میں کی تھی۔

جائزہ

- چارچار کی ٹولیوں میں 5 سے 10 کسانوں سے ان کے کھیتوں میں بوئی ہوئی فصلوں کے بارے میں معلومات حاصل کرو اور جدول-1 میں بھرو۔(1)
- ان فصلوں میں سے کسی تین فصلوں کے بارے میں بونے سے لیکر فصل تیار ہونے تک کے سارے عمل ترتیب دار خاکے کے ذریعے سمجھاؤ۔(2)

خریف اور ربیع کی فصلوں سے متعلق حاصل کی ہوئی معلومات کی بنیاد پر اب ہم ان فصلوں کے مختلف گروپ بنائیں گے۔ اور پھر ان سے متعلق سوالوں کا جواب تلاش کریں گے۔

سیٹ بناؤ

دورے میں اکٹھا کی ہوئی معلومات کی مدد سے ربیع میں بوئی جانے والی فصلوں کے مندرجہ ذیل سیٹ بناؤ۔(3)

دلہن فصلیں :

تلہن فصلیں :

ناج والی فصلیں :

قدی فصلیں :

اگ۔سبزیاں :

رے چارے کی فصلیں :

ہری کھاد کی فصلیں :

- اسی طرح دوسری اور خصوصیات سوچو اور ان کی بنیاد پر ربیع کی فصلوں کے زیادہ سے زیادہ گروہ بناؤ۔

نیچے لکھے جملوں کو اپنی کاپی میں لکھو اور خریف اور ربیع کی فصلوں کی معلومات کی بنیاد پر ان کے آگے صحیح یا غلط کا نشان لگاؤ۔(4)

(الف) اناج والی فصلیں ایک بیج پتی والی ہوتی ہیں۔

(ب) دلہن فصلیں ایک بیج پتی اور دو بیج پتی دونوں طرح کی ہوتی ہیں۔

(ج) تلہن فصلوں کے بیج ایک پتی والے بھی ہو سکتے ہیں اور دو بیج پتی والے بھی

(د) ہرے چارے کے بیج ہمیشہ دو بیج پتی والے ہوتے ہیں۔

(ہ) سدھری ہوئی نسلوں کو عام طور پر دیسی فصلوں کے مقابلے میں زیادہ مرتبہ سینچائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

خاص مشق

نیچے دئے ہوئے جدول میں کٹائی کے بعد پیداوار کو حاصل کرنے کے طریقوں کی بنیاد پر فصلوں کو چار قسموں میں بانٹا گیا ہے۔ ہر قسم میں ایک ایک مثال بھی دی گئی ہے۔

- ایسی اور مثالیں ڈھونڈھ کر جدول میں بھرو۔(5)

جدول- 2

سیدھا دہانے کے ذریعہ	جھاڑنے کے ذریعہ	ہاتھ سے توڑ کر	پیٹنے کے بعد دبانے کے ذریعہ
گیہوں	تل	مونگ پھلی	ارہر

جو ڈھونڈا وہ پایا

- خریف میں بو کر ربیع میں کٹنے والی فصلوں کی فہرست بناؤ (6)
ایک ایسی فصل کا نام بتاؤ جسے تیار ہونے میں ایک سال لگ جاتا ہے۔

- نیچے دی ہوئی گیہوں کی نسلوں کو پکنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟(7)

(الف) دیسی گیہوں

(ب) کلیان سونا

(ج) سونالِکا

- فصل پکنے کی مدت میں فرق ہونے کی کھیتی باڑی میں کیا اہمیت ہے؟(8)
- ہری کھاد سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟(9)

نمائش

نمائش کے لئے نیچے دئے گئے گروہوں میں کن ہی پانچ کو چنو۔

ایک بیج پتی والے اور دو بیج پتی والے بیج	دالیں
اناج	تیل والے بیج
سدھری نسلیں	سبزیاں
پھل	

اپنے اکھٹا کئے ہوئے سامان کو گروہ وار ترتیب دے کر گتے پر چپکا کر سجاؤ۔ ہر چیز کے ساتھ اس کے بارے میں حاصل کی ہوئی معلومات کی پرچیاں لکھ کر لگاؤ۔

نئے الفاظ

ربیع